


# الیکشن کمیشن آف پاکستان

# رہنما کتابچہ برائے ووٹر ایجوکیشن



# فہرست


| | |
|---|---|
| دیباچہ عزت مآب چیف الیکشن کمشنر پاکستان | 3 |
| سیکرٹری الیکشن کمیشن کا پیغام | 4 |
| اڈیشنل سیکرٹری، الیکشن کمیشن کا پیغام | 4 |
| **باب اوّل: تعارف** | |
| پسِ منظر، قانونی فریم ورک اور مقاصد | 6 |
| **باب دوم: شہریوں اور ووٹرز میں شعور و آگاہی** | |
| تعریفیں، دائرہ کار اور ٹارگٹ گروپ | 9 |
| • شہریوں میں شعور و آگاہی (Civic Education) | 9 |
| • ووٹرز میں شعور و آگاہی (Voter Education) | 9 |
| • ووٹرز کے لئے معلومات (Voter Information) | 10 |
| شہریوں اور ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے لئے الیکشن کمیشن کی کوششیں | 11 |
| **باب سوم: ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے طریقے** | |
| ضلعی کمیٹیاں | 14 |
| • ضلعی کمیٹیوں کو اس عمل میں کیوں شامل کیا جائے؟ | 14 |
| • ضلعی کمیٹیاں کیا کردار ادا کریں گی؟ | 15 |
| • ضلعی الیکشن کمشنرز کمیٹی کے اجلاس کی تشکیل کس طرح کر سکتے ہیں؟ | 16 |
| • ایجنڈا کا نمونہ | 17 |
| سکول، کالج اور یونیورسٹی عملہ کی تربیت | 17 |
| • تربیت کا مقصد | 18 |
| • سیشن کے موضوعات | 18 |
| • ایجنڈا کا نمونہ | 18 |

کمیونٹی سطح پر ووٹرز میں آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیاں 19

- کمیونٹی کی سطح پر ووٹرز میں آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیاں کیا ہیں؟ 19
- کن سرگرمیوں پر، کب اور کہاں کام کیا جاسکتا ہے؟ 19

صوبائی الیکشن کمیشن، ریجنل الیکشن کمیشن اور ضلعی الیکشن کمیشن دفاتر میں انتخابات پر معلوماتی سیشن 22

- انتخابات پر معلوماتی سیشن کیا ہے؟ 22
- کاروائی کی وضاحت 23
- ایجنڈا کا نمونہ 24

معلوماتی، شعور و آگاہی اور ابلاغی مواد کی تیاری اور تقسیم 24

- معلوماتی، شعور و آگاہی اور ابلاغی مواد کیا ہے؟ 24
- کاروائی کی وضاحت 25
- ریکارڈ کی تیاری 26

عوامی معلوماتی اعلانات (Public Service Announcements) 26

- عوامی معلوماتی اعلانات کیا ہیں؟ 26
- عوامی معلوماتی پیغامات نشر کرنے کا عمل 27
- ریکارڈ کی تیاری 27

میڈیا کی شمولیت 28

- کاروائی کی وضاحت 29

**باب چہارم: رپورٹنگ**

ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیوں کی ماہانہ رپورٹ 31



## دیباچہ عزت مآب چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان

الیکشن کمیشن آف پاکستان پر آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے جس کی بجا آوری میں کئی مختلف اور پیچیدہ کاموں پر مکمل توجہ دینا ضروری ہوتا ہے۔ تاہم ان امور کی انجام دہی میں ہمیں اس حقیقت کو نظرانداز نہیں کرنا چاہیئے کہ ووٹر انتخابات کے اہم ترین افراد میں سے ایک ہیں۔ ووٹرز کے بغیر انتخابات نہیں ہوسکتے اور معاشرے کے تمام طبقات سے تعلق رکھنے والے ووٹرز یعنی مرد، خواتین، نوجوان، بزرگ، اقلیتوں، معذور افراد اور دیہی و شہری علاقوں کے باشندوں کی شمولیت کے بغیر کوئی انتخابات قابلِ اعتبار نہیں ہوسکتے۔ اس امر کو یقینی بنانا ہمارا فرض ہے کہ ووٹرز کو معلومات فراہم کی جائیں، ان کے اندر شعور و آگاہی پیدا کی جائے اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ انتخابات والے دن ووٹ ڈالنے آئیں۔ اس اہم کام کی ذمہ داری بنیادی طور پر ہمارے ضلعی اور ریجنل افسران پر عائد ہوتی ہے جو فرنٹ لائن پر موجود ہیں اور ووٹرز تک رابطہ و رسائی کے لئے انتھک کوششیں کر رہے ہیں۔ یہ انتہائی خوش آئند بات ہے کہ اس اہم کام کی انجام دہی میں ضلعی اور ریجنل افسران کی معاونت کے سلسلے میں ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے لئے یہ رہنما کتابچہ اور تربیتی نصاب تیار کیا گیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس تربیت اور ہمارے ضلعی افسران کی فرض کی ادائیگی کی لگن کی بدولت الیکشن کمیشن اپنی اس ذمہ داری کو احسن طریقے سے انجام دینے میں کامیاب رہے گا۔

دیباچہ عزت مآب جسٹس (ر) فخر الدین جی ابراہیم

چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان

## سیکرٹری الیکشن کمیشن کا پیغام

ہمیں اپنے ضلعی افسران پر فخر ہے جو ووٹرز میں شعور و آگاہی کے پیغامات اور معلومات ملک کے کونے کونے تک پھیلانے کے لئے انتھک محنت کر رہے ہیں۔ معاشرے کے تمام طبقات سے تعلق رکھنے والے ووٹرز کی حوصلہ افزائی کے لئے معلومات اور شعور و آگاہی کی غیر جانبدارانہ انداز میں فراہمی ہماری کلیدی ذمہ داریوں میں سے ایک ہے۔ میرے نزدیک وہ تمام لوگ پذیرائی کے مستحق ہیں جنھوں نے الیکشن کمیشن کے ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے منصوبہ کی تیاری اور عملدرآمد پر کام کیا۔ یہ رہنما کتابچہ اور ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے پروگرام ہماری ان کوششوں کو بہتر بنانے اور ہمیں اپنے مقصد کے حصول میں مدد دیں گے۔

**اشتیاق احمد خان**، سیکرٹری، الیکشن کمیشن آف پاکستان

## اڈیشنل سیکرٹری، الیکشن کمیشن کا پیغام

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کا ایک منصوبہ تیار کیا گیا ہے جس پر تمام اضلاع میں عملدرآمد کیا جائے گا اور جس کی بدولت ہمیں 17 اکتوبر 2012 کو پہلی بار ووٹرز کا قومی دن منانے کا موقع ملا۔ اگلا قدم اس امر کو یقینی بنانا ہے کہ ہمارے ضلعی افسران کو ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کی موثر مہم کے سلسلے میں درکار ضروری رہنمائی میسر ہو۔ یہ رہنما کتابچہ انہیں ضروری معلومات فراہم کرے گا اور وہ ووٹرز میں شعور و آگاہی پر دوروزہ تربیتی ورکشاپ میں بھی حصہ لیں گے۔ میرا پختہ یقین ہے کہ اس تربیت کے بعد وہ شعور و آگاہی پیدا کرنے کے یہ پیغامات لوگوں کی ایک بڑی تعداد تک پہنچائیں گے اور الیکشن کمیشن کے ووٹرز کی تعداد میں اضافے کے مقاصد کو حقیقت کا روپ دیں گے۔

**محمد افضل خان**، اڈیشنل سیکرٹری، الیکشن کمیشن آف پاکستان

# بابِ اوّل: تعارف

# پسِ منظر، قانونی فریم ورک اور مقاصد

الیکشن کمیشن آف پاکستان (ECP) کے پانچ سالہ سٹریٹیجک منصوبہ کے مقصد نمبر 13 (Strategic Plan #13) میں شہریوں اور ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرتے ہوئے انتخابی عمل کے بارے میں ان کی آگاہی اور اس میں ووٹرز کی شمولیت میں اضافہ کا ہدف طے کیا گیا ہے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے الیکشن کمیشن نے ایک نیا ''ووٹرز میں شعور و آگاہی کا منصوبہ 2013-2012'' تشکیل دیا ہے۔

**پانچ سالہ سٹریٹیجک منصوبہ 2014-2010**
**سٹریٹیجک مقصد نمبر 13:**
**(Strategic Goal #13)**
ووٹرز کی شمولیت / شہریوں اور ووٹرز میں شعور و آگاہی

شہریوں اور ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرتے ہوئے معاشرے کے تمام طبقات اور ہر عمر سے تعلق رکھنے والے ووٹرز میں آگاہی پیدا کرنا تاکہ انتخابی عمل میں ان کی شمولیت بہتر بنائی جا سکے۔

ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے تین بنیادی مقاصد یہ ہیں:

1. انتخابی فہرستوں کے بارے میں ووٹرز کی معلومات بہتر بنانا اور انکی حتمی انتخابی فہرست (FER) میں اپنی درج شدہ تفصیلات کی پڑتال پر حوصلہ افزائی کرنا؛
2. آئندہ عام انتخابات میں ووٹرز کی شمولیت بہتر بنانا اور ووٹر کی تعداد (Turnout) 44 فیصد سے 84 فیصد تک بڑھانا؛
3. ''آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات کے انعقاد کے آئینی تقاضے کی موثر، اور قابل اعتماد بجا آوری، میں سب کو یکساں اور رسائی کی فراہمی اور پاکستان میں مضبوط جمہوریت کے لئے قوم کی امنگوں تکمیل'' کے بارے میں الیکشن کمیشن کے نظریہ کی ووٹرز میں آگاہی پیدا کرنا۔

ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کی سابقہ کوششوں میں زیادہ تر الیکٹرانک (Electronic) اور پرنٹ میڈیا (Print media) پر انحصار کیا گیا جس میں اخبارات، ٹیلی وژن، ریڈیو، ہورڈنگ، پوسٹر وغیرہ شامل ہیں۔ تاہم ان کی رسائی محدود تھی اور 2008ء کے عام انتخابات میں ووٹر کی تعداد (Turnout) کی سطح 44 فیصد تک رہی۔ اس کے برعکس ووٹرز میں شعور و آگاہی کا نیا منصوبہ ماضی سے نمایاں طور پر مختلف ہے۔ اس میں ووٹرز، بالخصوص خواتین، نوجوانوں، اقلیتوں اور معذور افراد تک رسائی کے لئے ضلعی سطح پر عوام کے نقطہ نظر پر مبنی سوچ اپنائی گئی اور اس میں درج ذیل چھ وسیع تر اجزاء کا احاطہ کیا گیا ہے:

1. صوبائی حکومت کی معاونت سے ضلعی سطح کی قومی ووٹر رابطہ و رسائی؛
2. حکومت پاکستان کی وزارتوں / محکموں کی شمولیت؛

3. نجی شعبے، سول سوسائٹی اور دیگر (تدریسی ادارے، خواتین کی تنظیمیں وغیرہ) کی شمولیت؛
4. ادارے کی حیثیت سے الیکشن کمیشن کا استحکام، تمام سطحوں پر اس کی تعمیر استعداد اور تربیت؛
5. میڈیا مہم، الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا؛
6. ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے لئے مواد کی تیاری، پیغامات، ڈیزائن، وغیرہ ۔

چونکہ ضلعی الیکشن کمشنر (DEC) لوگوں کے ساتھ براہ راست رابطے کا ذریعہ ہیں اس لئے ضلعی الیکشن کمشنرز کو ضلعی سطح کے اس نئے منصوبے پر موثر عملدر آمد میں کلیدی کردار کا حامل تصور کیا جاتا ہے۔



# باب دوم: شہریوں اور ووٹرز میں شعور و آگاہی

# تعریفیں، دائرہ کار اور ٹارگٹ گروپ

رہنما کتابچہ کے اس باب میں شہریوں میں شعور و آگاہی، ووٹرز میں شعور و آگاہی اور ووٹرز کے لئے معلومات جیسی اصطلاحات کی تعریفیں اوران کے درمیان پایا جانے والا فرق بیان کیا گیا ہے۔ ان اصطلاحات، سرگرمیوں کے دائرہ کار اور ٹارگٹ گروپوں کو بہتر طور پر سمجھنے سے ضلعی الیکشن کمشنرز (DEC) کو مکمل سیاق و سباق کی روشنی میں اپنی اپنی متعلقہ گروہوں کو ساتھ ملانے اور ووٹرز تک رابطہ و رسائی کو حتی الوسع حد تک بڑھانے میں مدد مل سکتی ہے۔

## شہریوں میں شعور و آگاہی (Civic Education)

شہریوں میں شعور و آگاہی ایک وسیع تر، مسلسل اور طویل مدت عمل ہے اور عام طور پر تعلیمی نصاب اور دیگر پروگراموں کا حصہ ہوتا ہے۔ اس کا تعلق جمہوری معاشرے کے اہم ستون اور وسیع تصورات مثلاً شہریوں، حکومت، سیاسی جماعتوں و مخصوص مفادات کے حامل گروپوں، ذرائع ابلاغ، اور کاروباری و غیر منافع بخش شعبوں کے متعلقہ کرداروں اور ذمہ داریوں سے ہے۔ اس کے علاوہ مدت وار اور مقابلے پر مبنی انتخابات کی نمایاں حیثیت بھی اس کا حصہ ہیں۔ یہ ایک مسلسل عمل ہے جو انتخابات کے دائرہ کار سے جڑا ہوا نہیں ہے۔ ضروری نہیں کہ الیکشن اتھارٹی ہی اس پر کام کرے بلکہ یہ سکول و یونیورسٹی نظام، غیر سرکاری تنظیموں (سی ایس اوز)، یا دیگر ریاستی اداروں کے ذریعے بھی انجام دیا جا سکتا ہے۔ شہریوں میں شعور و آگاہی کے ٹارگٹ گروپوں میں پرائمری سے یونیورسٹی سطح تک کے طلبہ، سکول کی عمر کے بچے جو کسی سکول میں داخل نہیں، کمیونٹی کے ارکان وغیرہ شامل ہیں۔

## ووٹرز میں شعور و آگاہی (Voter Education)

ووٹرز میں شعور و آگاہی محض ان لوگوں کے لئے نہیں جو پہلے سے ووٹ دینے کے اہل ہیں بلکہ یہ مستقبل کے شہریوں میں بھی شعور و آگاہی پیدا کرنے کا نام ہے۔ اس پر سکول میں بھی کام کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں انتخابی نظم و نسق کے ذمہ دار اداروں کا اشتراک بھی شامل ہوتا ہے۔ اس میں انتخابات کے ان پہلوؤں کا احاطہ کیا جاتا ہے کہ کیسے، کیوں، کب ووٹ دیں۔ ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے پروگراموں میں عام طور پر ووٹرز کو انتخابات میں بھرپور شمولیت کی ترغیب اور تیاری کرائی جاتی ہے۔ یہ ووٹنگ اور انتخابی عمل کے بارے میں معلومات کی قدرے پیچیدہ اقسام سے متعلق ہے مثلاً بنیادی انسانی حقوق اور ووٹنگ کے حقوق کے درمیان تعلق، ووٹرز کا کردار، ذمہ داریاں اور حقوق، انتخابات و جمہوریت اور جمہوری انتخابات کے لئے سازگار حالات کے درمیان تعلق، ووٹ کی خفیہ حیثیت، یہ بات کہ ہر ووٹ کیوں ضروری ہے اور یہ عوامی احتساب و جوابدہی پر کیا اثرات مرتب کرتا ہے، اور کس طرح ووٹ نشستوں کی تشکیل کرتے ہیں۔ ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے لئے ووٹرز کو معلومات کی فراہمی میں زیادہ وقت درکار ہوتا ہے اور بہترین طریقہ یہی ہے کہ اس پر متواتر کام کیا جائے۔ اس نوعیت کے پروگراموں پر زیادہ تر انتخابی نظم و نسق کے ذمہ دار ادارے اور سول سوسائٹی تنظیمیں کام کرتی

ہیں اور ہر طرح کے گروپوں کو ہدف بنایا جاتا ہے جن میں مرد، خواتین، نوجوان، اقلیتیں، معذور افراد اور مستقبل کے شہری شامل ہیں۔

### ووٹرز کے لئے معلومات (Voter Information)

ووٹرز کے لئے **معلومات** ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کا ذیلی حصہ سمجھی جاتی ہیں اور عام طور پر یہ انتخابات سے پہلے پھیلائی جاتی ہیں۔ یہ ان حقائق پر بنیادی معلومات فراہم کرتی ہیں جو شہریوں کو ووٹ دینے کے قابل بناتی ہیں جن میں ووٹنگ کی تاریخ، وقت اور مقام، اہلیت کے تعین کے لئے ضروری شناختی معلومات، اندراج کے تقاضے، اور ووٹنگ کے نظام شامل ہیں۔ ان معلومات کا دائرہ کار ایک محدود عرصے کے لئے ہوتا ہے اور عام طور پر ہر انتخاب کے لئے نئے پیغامات تیار کئے جاتے ہیں۔ ووٹرز کے لئے معلومات کی سرگرمیوں کی تیاری میں جہاں کچھ وقت لگتا ہے وہیں عام طور پر ان پر عملدرآمد خاصی تیزی سے ہوتا ہے۔ ووٹرز کے لئے معلومات پھیلانا عام طور پر الیکشن حکام کی ذمہ داری ہوتی ہے لیکن انتخابی امیدوار اور سول سوسائٹی تنظیمیں بھی اس میں معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔ ووٹرز معلومات کے ٹارگٹ گروپوں میں تمام اہل افراد ووٹرز شامل ہیں۔

شہریوں میں شعور و آگاہی، ووٹرز میں شعور و آگاہی اور ووٹرز کے لئے معلومات کے درمیان فرق:

| سرگرمی | معلوماتی مواد | دورانیہ | عملدرآمدکار | طریقہ کار | ٹارگٹ گروپ |
|---|---|---|---|---|---|
| شہریوں میں شعورو آگاہی (Civic Education) | جمہوریت کے تصورات؛ ریاست، شہریوں وغیرہ کے کرداراور ذمہ داریاں | مسلسل اورطویل مدتی | ریاستی ادارے؛ سول سوسائٹی تنظیمیں بالخصوص جوتعلیم اور بچوں (جوسکول میں داخل ہیں اور جو سکول میں داخل نہیں، دونوں)کے امورپرکام کررہی ہیں | پرائمری سطح سے شروع ہونے والا سکول نصاب | طلبہ؛ سکول سے باہر بچے؛نوجوان |
| ووٹرزمیں شعوروآگاہی (Voter Education) | انتخابات پرشعور و آگاہی یعنی ووٹ دینے کاحق | طویل مدتی انتخابات کادرمیانی عرصہ | الیکشن حکام؛ غیر سرکاری تنظیمیں | درسی نصاب ؛ ووٹر رابطہ ورسائی سرگرمیاں | موجودہ اور مستقبل کے ووٹرز |
| ووٹرز کے لئے معلومات (Voter Information) | انتخابات پر بنیادی معلومات؛ انتخابات کی تاریخ؛ ووٹ دینے کا وقت اور مقام؛ ووٹ دینے کاطریقہ وغیرہ | انتخابات سے پہلے کاعرصہ | زیادہ تر الیکشن حکام؛ سول سوسائٹی تنظیمیں اور انتخابات میں حصہ لینے والے امیدوار | عوامی معلوماتی اعلانات؛ الیکٹرانک،پرنٹ اورسوشل میڈیا؛ کمیونٹی سطح پر رابطہ و رسائی سرگرمیاں؛ وغیرہ | تمام اہل ووٹرز |

# شہریوں اور ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے لئے الیکشن کمیشن کی کوششیں

الیکشن کمیشن کی کوششوں میں بنیادی طور پر روایتی پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے ووٹرز کے لئے معلومات کی فراہمی پر زور دیا جاتا رہا ہے جن کا آغاز انتخابات سے کچھ عرصہ پہلے ہوتا ہے اور ان کے فوراً بعد یہ ختم ہو جاتی ہیں۔ تاہم جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے، گزشتہ تمام انتخابات میں ووٹرز کی تعداد کی پست شرح (Low Turnout) کے پیشِ نظر ایک نئی سوچ اپنانے کی ضرورت نمایاں ہو گئی ہے۔ انتخابی عمل میں شمولیت بہتر بنانے کے لئے الیکشن کمیشن اب محض ووٹرز کے لئے معلومات کے پھیلاؤ سے آگے کی طرف قدم بڑھا رہا ہے جس کے تحت اور مکمل اور جامع سوچ پر مبنی شہریوں اور ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے پروگرام تشکیل دیئے جا رہے ہیں۔

الیکشن کمیشن نے متعدد متعلقہ فریقین کی مشاورت سے ووٹرز میں شعور و آگاہی کا منصوبہ 2012-2013 تشکیل دیا اور اس سلسلے میں پہلی مہم کا آغاز 17 اکتوبر 2012 کو ''ووٹرز کے قومی دن'' کے موقع پر کیا گیا۔ سرکاری اداروں، نجی کارپوریشنز، غیر سرکاری تنظیموں، میڈیا اور سول سوسائٹی کے دیگر ارکان کے علاوہ لوگوں کی حوصلہ افزائی کی گئی تا کہ وہ اس مہم میں حصہ لیں اور ووٹرز میں شعور و آگاہی کے پیغامات پھیلانے میں مدد دیں۔ علاوہ ازیں، الیکشن کمیشن نے عام انتخابات 2013 کے فوراً بعد وزارت تعلیم کے اشتراک سے طلبہ اور نوجوانوں کے لئے ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کا پروگرام شروع کرنے کا منصوبہ تیار کیا ہے۔

اس رہنما کتابچہ کے ذیل کے ابواب میں الیکشن کمیشن کے ووٹرز میں شعور و آگاہی کے منصوبہ 2012-2014 کی روشنی میں ضلعی الیکشن کمشنرز (DEC) کے لئے ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیوں کے مقاصد، طریقوں اور ٹارگٹ پروگراموں پر عملی رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔ نمونے کا ایک فارم (Template) بھی دیا گیا ہے جسے استعمال کرتے ہوئے ضلعی الیکشن کمشنرز اپنی کوششوں کی ٹریکنگ اور رپورٹنگ کریں گے۔

# باب سوم: ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کے طریقے

الیکشن کمیشن کے ووٹرز میں شعور و آگاہی کے منصوبہ 2012-2013 کا محور ضلعی سطح پر ووٹر کی آگاہی ہے۔ نچلی سطح پر ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کی ذمہ داری ضلعی دفاتر کے عملہ پر عائد ہوتی ہے

ووٹرز میں شعور و آگاہی کی اس مہم کا مجموعی مقصد اہل ووٹرز بالخصوص درج ذیل ٹارگٹ گروپوں تک براہ راست رسائی حاصل کرنا ہے:



- ☆ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں
- ☆ خواتین
- ☆ معذور مرد اور خواتین
- ☆ اقلیتیں (مرد اور خواتین)
- ☆ مرد
- ☆ پسماندہ طبقات

اوپر دیئے گئے ووٹرز کے پہلے چاروں گروپ اپنی تعداد اور تاریخی طور پر انتخابی عمل میں شمولیت کے اعتبار سے اپنے محدود کردار اور اپنی تعداد کی بناء پر بالخصوص اہم ہیں۔ مثال کے طور پر حتمی انتخابی فہرست 2012 میں مردوں اور خواتین کا باہمی تناسب دیکھیں تو اندراج یافتہ 1 مرد کے مقابلے میں خواتین کی تعداد 0.766 ہے اور خواتین کے مقابلے میں اندراج یافتہ مردوں کی کل تعداد 1 کروڑ دس لاکھ سے بھی زائد ہے۔ پہلی بار ووٹ دینے والوں بشمول نوجوانوں کی تعداد 3 کروڑ اہل رائے دہندگان سے زائد ہے۔ معذور افراد کو کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے حصول، بطور ووٹر اپنے اندراج اور انتخابات والے دن ووٹ دینے کے لئے آنے میں خاص طور پر مشکلات درپیش ہیں۔ نسلی، مذہبی اور دیگر اقلیتوں کو اپنے ووٹ کے حق کے آزادانہ استعمال میں اکثریتی اور دیگر گروپوں کی جانب سے رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مرد ووٹروں تک رسائی نہ صرف اس لئے ضروری ہے کہ انہیں خود ووٹ دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کی جائے بلکہ اس لئے بھی کہ انتخابی عمل میں اپنے خاندان اور کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد بالخصوص خواتین، بزرگوں، نوجوانوں اور دیگر افراد کی شمولیت میں معاون اور مددگار ثابت ہو

درحقیقت یہ بات انتہائی اہم ہے کہ ضلعی الیکشن کمشنز مختلف طبقات کے ووٹرز تک رسائی اور ان کے اندر شعور و آگاہی پیدا کرنے کے لئے مختلف طریقے استعمال کریں۔ اس رہنما کتابچہ میں اس حوالے سے درج ذیل طریقے بیان کئے گئے ہیں:

☆ ضلعی کمیٹیاں
☆ سکول، کالج، یونیورسٹی عملہ کی تربیت
☆ الیکشن کمیشن، ریجنل الیکشن کمیشن اور ضلعی الیکشن دفاتر میں انتخابی معلوماتی سیشن
☆ معلوماتی، شعوروآ گاہی اور ابلاغی مواد کی تیاری اور تقسیم
☆ عوامی معلوماتی اعلانات
☆ میڈیا کی شمولیت

## ضلعی کمیٹیاں

ووٹرز میں شعوروآ گاہی کے منصوبہ 2013-2012 میں یہ سوچ متعارف کرائی گئی کہ ووٹرز میں شعوروآ گاہی پیدا کرنے کی سرگرمیوں کا محور ضلعی سطح ہے۔ اس میں ضلعی الیکشن کمیشن دفاتر اوران کے عملہ کے ذریعے الیکشن کمیشن اور ووٹرز کے درمیان براہ راست تعلق کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس منصوبے کا ایک اہم جزو ضلعی کمیٹیوں کی تشکیل ہے جن کی باہمی رابطہ (تشکیل، کردار وحکمت عملی کا تعین اور فرائض نبھانے کی ذمہ داری) ضلعی الیکشن کمشنز کریں گے اور نگرانی کے فرائض ریجنل الیکشن کمشنز انجام دیں گے۔

### ضلعی کمیٹیوں کو اس عمل میں کیوں شامل کیا جائے؟

ضلعی کمیٹیاں ضلعی سطح پر ایک ایسے فورم کا کردار ادا کریں گی جہاں ضلعی الیکشن کمشنز اور مختلف متعلقہ فریقین کے درمیان خیالات، منصوبوں اور تازہ ترین معلومات کا تبادلہ کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ یہاں ووٹرز کے مختلف گروپوں سے متعلق شعوروآ گاہی پیدا کرنے کی مشترکہ سرگرمیوں کی تشکیل اور عملدرآمد کے لئے دوطرفہ گفت وشنید ہوسکتی ہے۔ منصوبے کی رو سے کمیٹی میں درج ذیل شامل ہوسکتے ہیں لیکن ضروری نہیں کہ یہ صرف انہی تک محدود ہوں:



☆ ریجنل الیکشن کمشنر (چیئرپرسن)
☆ ضلعی الیکشن کمشنر (کوآرڈینیٹر)
☆ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ یا سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ
☆ سول سوسائٹی تنظیمیں (بشمول نوجوان، خواتین، اقلیتیں اور معذور افراد)
☆ مقامی حکومت کے محکموں کے نمائندے

☆ محکمہ تعلیم کے نمائندے

مذکورہ بالا کے علاوہ ضلعی الیکشن کمشنرز اپنے اپنے علاقے کے دیگر متعلقہ فریقین اور متوقع پارٹنرز کی وسیع فہرست تیار کر سکتے ہیں جنہیں کمیٹی میں بطور رکن یا وقتی مبصر شرکت کی دعوت دی جا سکتی ہے۔ان میں یہ شامل ہو سکتے ہیں:

☆ سابقہ اور موجودہ بلدیاتی کونسلر
☆ یونین کونسلوں کے سیکرٹری
☆ ضلعی کوآرڈینیشن افسران
☆ سکول اساتذہ اور کالج یا یونیورسٹی کے لیکچررز
☆ لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHW)
☆ مذہبی قائدین
☆ کمیونٹی کے قائدین
☆ زمیندار
☆ تاجر یونین کے نمائندے
☆ ضلعی پریس کلب اور بار ایسوسی ایشنز کے ارکان وغیرہ

ضلعی کمیٹی کی تشکیل سے پہلے ضلعی الیکشن کمشنرز ووٹرز میں شعور وآگاہی کا منصوبہ پیش کرنے اور کمیٹی کی تشکیل پر اپنا ارادہ ظاہر کرنے کے لئے ان متعلقہ فریقین کی طرف تعارفی دوروں کا اہتمام کر سکتے ہیں یا انہیں ضلعی الیکشن کمیشن (DEC) کے دفاتر میں ملاقات کی دعوت دے سکتے ہیں۔

## ضلعی کمیٹیاں کیا کردار ادا کریں گی؟

الیکشن کمیشن کے ووٹرز میں شعور وآگاہی کے منصوبہ میں دی گئی تجاویز کی رو سے ضلعی کمیٹیاں درج ذیل کردار ادا کر سکتی ہیں:

☆ باقاعدہ بنیاد پر جلسہ کا اہتمام اور مختلف متعلقہ فریقین کی رضا کارانہ شمولیت کی کوشش؛
☆ ضلعی سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ میں اندراج یافتہ غیر سرکاری تنظیموں کو ووٹرز میں شعور وآگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیوں شامل کرنا؛
☆ ووٹرز کی آگاہی کے مواد کی تقسیم میں رضا کارانہ معاونت کا حصول؛
☆ ضلع کے پسماندہ طبقات بشمول خواتین، معذور افراد اور تمام اقلیتی گروپوں سے رابطہ ورسائی کی بھرپور کوششیں؛
☆ ووٹرز کی شمولیت بہتر بنانے کے لئے سیاسی جماعتوں کی حمایت کا حصول؛
☆ ووٹ کی اہمیت اور ملکی اداروں پر اس کے اثرات پر آگاہی بہتر بنانے کے لئے اپنے ضلع کے لئے مخصوص حکمت عملی کی تیاری۔

## ضلعی الیکشن کمشنرز کمیٹی کے اجلاس کی تشکیل کس طرح کر سکتے ہیں؟

متوقع فریقین کے تعین اور انہیں دعوت دینے کے بعد ضلعی الیکشن کمشنرز کو کمیٹی کے جلسہ کا اہتمام و انتظام اور باہمی رابطہ کاری (Coordination) کرنا ہوگی۔ یہ اجلاس انتخابی عمل پر معلومات کے تبادلے، ہر پارٹنر کی استعداد کے تعین اور باہمی رضامندی سے تقسیم کی گئی ذمہ داریوں پر مبنی ضلع کی مخصوص ووٹرز میں شعور و آگاہی کی سرگرمیوں اور منصوبوں کے لئے ایک پلیٹ فارم کا کام دیں گے۔ جلسہ کے لئے گفتگو کے مجوزہ نکات درج ذیل ہیں:

☆ انتخابات کے انتظامات میں الیکشن کمیشن کا کردار؛
☆ آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات یقینی بنانے کے لئے الیکشن کمیشن کی طرف سے کئے گئے اقدامات؛
☆ ضابطہ اخلاق؛
☆ الیکشن کمیشن کا ووٹرز میں شعور و آگاہی کا منصوبہ 2012-2013 اور ضلعی کمیٹیاں؛
☆ انتخابات کے مراحل بالخصوص انتخابات کے اعلان سے قبل ووٹرز کے اندراج پر زور دینا
☆ مرد اور خواتین کے لئے ووٹر کی اہلیت کا مطلوبہ معیار؛
☆ ووٹرز کے حقوق اور ذمہ داریاں؛
☆ ووٹ کی اہمیت؛
☆ پولنگ اسٹیشن پر ووٹنگ کی کاروائی؛
☆ ووٹ کی رازداری؛
☆ ووٹ دینے کی درخواست (الیکشن کمیشن کی جانب سے ووٹرز کے نام)؛
☆ ضلع کی یونین کونسل کی جانب سے ووٹرز کے مختلف گروپوں کا تعین اور انتخابی عمل میں ان کی شمولیت میں درپیش رکاوٹیں؛
☆ ووٹرز کے مخصوص گروپوں کی شمولیت یقینی بنانے کے لئے ضلع کے سیاق وسباق پر مبنی شعور و آگاہی پیدا کرنے کی کارروائیاں؛
☆ ووٹرز میں آگاہی پیدا کرنے کے حوالے سے کمیٹی کے ہر رکن کی قوت و استعداد کے پہلو؛
☆ ذمہ داریوں کی تقسیم اور اہداف کا تعین۔

## ایجنڈا کا نمونہ

ضلعی کمیٹی کے اجلاس کے لئے ایجنڈا کا نمونہ ذیل میں دیا گیا ہے:

| نمبر شمار | سرگرمی | دورانیہ (منٹ) |
|---|---|---|
| .1 | ابتدائی کلمات | 10 |
| .2 | الیکشن کمیشن کا ووٹرز میں شعور و آگاہی کا منصوبہ: ضلعی کمیٹیاں | 15 |
| .3 | ووٹرز میں شعور و آگاہی کی وہ سرگرمیاں تجویز کریں جن پر ضلع میں عمل کیا جائے گا | 30 |
| .4 | ضلعی الیکشن کمشنر اور کمیٹی ارکان کے درمیان ووٹرز میں شعور و آگاہی کے ضلعی منصوبہ اور شیڈول کی تیاری | 30 |
| .5 | اختتامی کلمات | 10 |

## سکول، کالج اور یونیورسٹی عملہ کی تربیت

اس تربیت میں سکول/ مدرسہ/ ووکیشنل اور ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے اساتذہ، کالج کے لیکچررز، یونیورسٹی اساتذہ، وغیرہ بالخصوص سوشل سائنسز پڑھانے والوں کے لئے ووٹرز میں شعور و آگاہی ایک روزہ تربیتی سیشن شامل ہوں گے۔ ضلعی الیکشن کمشنر محکمہ تعلیم، مقامی سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں سے رابطہ کر کے ان کے اپنے ادارے میں یا ضلعی الیکشن کمشنر کے دفتر میں اس سرگرمی کی اجازت طلب کریں گے اور مرد و خواتین اساتذہ کی ایک مخصوص تعداد کو شرکت کی دعوت دیں گے۔ پاکستان بھر کے دیہی علاقوں میں سکول ہیڈ ماسٹرز/ ہیڈ مسٹریس کو احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور وہ اپنی کمیونٹی سے بھی اچھی طرح آگاہ ہوتے ہیں۔ اس لئے انہیں تربیت دینے کی خصوصی کوششیں کی جائیں تاکہ وہ اس شعور و آگاہی کو محض طلبہ میں ہی نہیں بلکہ وسیع تر طبقات میں بھی پھیلا سکیں۔



## تربیت کا مقصد

اس تربیت کا مقصد ایسے قابل اور رضا کار انتخابی تربیت کار تیار کرنا ہے جو سیکھنے کا شمولیت پر مبنی طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے اپنی جماعتوں رومز میں اور کمیونٹی کے دیگر ارکان کے سامنے یہ آگاہی سیشن منعقد کرسکیں۔ آگاہی سیشن ختم ہونے پر توقع کی جاتی ہے کہ:

- ☆ انتخابات اور ووٹنگ کی اہمیت پر شرکاء کی معلومات پہلے سے بہتر ہوں گی
- ☆ شرکاء انتخابات کے بارے میں شمولیت پر مبنی تربیت کے بعض طریقوں سے آگاہ ہوں گے جن کا استعمال وہ اپنی کمرۂ جماعت میں اور کمیونٹی کے رابطہ ورسائی سیشن کے دوران کرسکیں گے
- ☆ طلبہ اس قابل ہوں گے کہ وہ اپنے گھر میں اپنے اہل خانہ کو انتخابات کے بارے میں معلومات سے آگاہ کرسکیں۔

## سیشن کے موضوعات

سیشن کے انعقاد کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ ادارے کی انتظامیہ اور متعلقہ حکام کی جانب سے اس سرگرمی کے لئے کتنا وقت مختص کیا جاتا ہے۔سیشن کے موضوعات میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:




- ☆ انتخابات کیوں کرائے جاتے ہیں
- ☆ ووٹرز کا اندراج اور اہلیت
- ☆ سکول / کالج / یونیورسٹی میں ووٹنگ

## ایجنڈا کا نمونہ

تربیتی سیشن کے لئے ایجنڈا کا نمونہ ذیل میں دیا گیا ہے:

| نمبر شمار | سرگرمی | دورانیہ (منٹ) |
|---|---|---|
| .1 | ابتدائی کلمات | 10 |
| .2 | پہلا سیشن: انتخابات کیوں کرائے جاتے ہیں | 45 |
| .3 | دوسرا سیشن: ووٹر کی اہلیت | 45 |
| .4 | اختتامی کلمات | 10 |

# کمیونٹی سطح پر ووٹرز میں آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیاں

## کمیونٹی کی سطح پر ووٹرز میں آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیاں کیا ہیں؟

موجودہ اور مستقبل کے ووٹرز تک براہ راست رابطہ ورسائی اور انہیں انتخابی عمل پر معلومات کی فراہمی کے لئے صوبائی الیکشن کمشنرز / ریجنل الیکشن کمشنرز / ضلعی الیکشن کمشنرز متعدد سرگرمیوں پر کام کر سکتے ہیں۔ ان میں سے بیشتر ضلعی الیکشن کمشنرز کے دفاتر سے باہر ہوں گی۔ خواتین، پہلی بار ووٹ دینے والوں، معذور افراد اور اقلیتوں تک رابطہ ورسائی کے لئے حتی الامکان کوششیں کرنا ضروری ہے۔

## کن سرگرمیوں پر، کب اور کہاں کام کیا جا سکتا ہے؟

ضلعی الیکشن کمشنرز اپنے طور پر یا ضلعی کمیٹی اور / یا وسیع تر کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے دیگر فریقین کے اشتراک سے درج ذیل سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں اور ان پر کام کر سکتے ہیں:

**آگاہی واک / ریلیاں:** واک اور ریلیاں معلومات پھیلانے کا انتہائی نمایاں اور بھرپور شمولیت پر مبنی طریقہ ہیں۔ ان کا اہتمام گاؤں / قصبوں / شہروں میں طلبہ، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن افسران، یونین کونسل دفاتر، غیر سرکاری تنظیمیں / کمیونٹی تنظیموں، حقوق کے لئے کام کرنے والے کارکنوں، تاجر یونین کے ارکان، بار ایسوسی ایشن کے ارکان، پریس کلب کے ارکان، نجی کارپوریشنز، بلدیاتی حکومت کے محکموں، اور دیگر فریقین کے ساتھ مل کر کیا جا سکتا ہے۔ ضلعی الیکشن کمشنرز اس سلسلے میں پلے کارڈ اور بینرز (Banner) تیار کرا سکتے ہیں جن پر درج پیغامات کے ذریعے لوگوں بالخصوص پسماندہ طبقات کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ اپنا ووٹ درج کرائیں اور ووٹ دینے کے لئے آئیں۔ اس سلسلے میں مقامی حکام سے پیشگی رابطہ کر کے واک / ریلی کی اجازت حاصل کی جائے اور ایسا روٹ طے کیا جائے جو محفوظ ہو اور زیادہ لوگوں کو دکھائی دے۔ ضلعی الیکشن کمشنرز اس موقع پر ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کا مواد مثلاً سٹیکر، بروشر وغیرہ بھی تقسیم کر سکتے ہیں۔



**بیٹھک:** بیٹھک میل جول کے حوالے سے پاکستان بھر کے دیہی علاقوں میں خاصی مقبول ہے۔ضلعی الیکشن کمشنرز معلومات کے تبادلے، انتخابی عمل پر ووٹرز میں شعور وآ گاہی اور اس سے متعلق مواد کی تقسیم کے لئے ضلعی کمیٹی کے اشتراک سے گاؤں کی سطح پر بیٹھکوں کا اہتمام کر سکتے ہیں۔ مقامی ثقافتی تقاضوں کی روشنی میں خواتین اور مردوں کے لئے الگ الگ بیٹھکوں کا اہتمام کیا جا سکتا ہے۔




**مشقی انتخابات:** مشقی انتخابات میں اسی طرح ووٹنگ اور گنتی کی کاروائیاں انجام دی جاتی ہیں جیسے انتخابات والے پولنگ اسٹیشن پر یہ عمل ہوتا ہے۔اس مشق کا مقصد اپنے متوقع سامعین کو اس عمل میں ذاتی طور پر شامل کر کے ووٹنگ اور گنتی کی کاروائیاں ان کے سامنے پیش کرنا ہے۔اس کے متعلقہ گروپ میں ووٹرز کے کوئی بھی گروپ اور/ یا مستقبل کے شہری شامل ہوں گے۔ یہ سرگرمی ایسی کسی بھی جگہ کی جا سکتی ہے جہاں ہمارے ٹارگٹ گروپوں سے تعلق رکھنے والے افراد اکثر آتے جاتے ہوں مثلاً ضلعی الیکشن کمشنر دفاتر، یونین کونسل دفاتر، کمیونٹی سنٹر، تعلیمی ادارے، ایسوسی ایشنیں اور کلب، بنیادی مرکز صحت، مذہبی مراکز وغیرہ۔

**انتخابی عمل پر دو طرفہ پریزنٹیشنز اور سوال وجواب کے سیشن:** اس سرگرمی کے لئے ضلعی الیکشن کمشنرز کو انتخابی عمل پر معلومات فراہم کرنے اور لوگوں کے سوالوں کے جواب دینے کے لئے ایسے مقامات پر جانا ہو گا جہاں اہل ووٹروں کا اکثر آنا جانا رہتا ہو۔ضلعی کمیٹی کے ارکان اور دیگر متعلقہ فریقین ان پریزنٹیشنز کے اہتمام اور انجام دہی میں مدد دے سکتے ہیں۔متعلقہ گروہوں میں ہر طرح کے اہل ووٹرز شامل ہیں خاص طور پر ضلع کے اندر موجود لوگ جنہیں ماضی میں اس عمل سے باہر رکھا گیا ہو۔ یہ پریزنٹیشنز زبانی بھی ہو سکتی ہیں اور ملٹی میڈیا کے ذریعے بھی دی جا سکتی ہیں (جہاں یہ سہولت دستیاب ہو)۔ پریزنٹیشنز کے لئے نمونے کے موضوعات میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- ☆ انتخابات کے انتظامات میں الیکشن کمیشن کا کردار
- ☆ آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات یقینی بنانے کے لئے الیکشن کمیشن کی طرف سے کئے گئے اقدامات؛
- ☆ ضابطہ اخلاق؛
- ☆ الیکشن کمیشن کا ووٹرز میں شعور وآ گاہی کا منصوبہ 2012-2013؛
- ☆ انتخابات کے مراحل بالخصوص انتخابات کے اعلان سے قبل ووٹرز کے اندراج پر زور دینا؛

☆ مرد اور خواتین کے لئے ووٹرز کی اہلیت کا مطلوبہ معیار؛
☆ ووٹرز کے حقوق اور ذمہ داریاں؛
☆ ووٹ کی اہمیت؛
☆ پولنگ اسٹیشن پر ووٹنگ کی کاروائی؛
☆ ووٹ کی رازداری؛
☆ ووٹ دینے کی درخواست (الیکشن کمیشن کی جانب سے ووٹرز کے نام)؛
☆ انتخابی نتائج کو پرامن طور پر قبول کرنا۔

**انتخابات پر مکالمے، خاکے اور شاعری کے مقابلے:** یہ سرگرمیاں تعلیمی اداروں کے اشتراک سے انتہائی آسانی کے ساتھ منعقد کی جاسکتی ہیں۔ ضلعی الیکشن کمشنرز ایسی تقریبات کے لئے اجازت کی درخواست ارسال کرسکتے ہیں اور ان کی تشکیل اور شمولیت کے لئے طلبہ کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ وسیع تر عوام میں آگاہی پیدا کرنے کے لئے کمیونٹی ارکان کو ادارے کے اندر ہونے والی ان تقریبات میں شرکت کی دعوت دی جاسکتی ہے یا طلبہ ایسے مقامات پر جاکر مختلف سرگرمیاں کرسکتے ہیں جہاں کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے اہل ووٹرز کا اکثر آنا جانا رہتا ہو مثلاً آرٹس کونسلز، کمیونٹی سنٹرز، سرکاری دفاتر، کلب اور ایسوسی ایشنز وغیرہ۔ ضلعی الیکشن کمشنرز ووٹرز میں شعور و آگاہی کا مواد، بینر، اعزازی انعامات اور اسناد (بشرطیکہ بجٹ ان کی اجازت دیتا ہو) فراہم کرکے ان تقریبات میں معاونت کرسکتے ہیں۔ ان سرگرمیوں کے لئے نمونے کے موضوعات درج ذیل ہیں:

☆ ووٹ کے حق کی اہمیت؛
☆ انتخابات کیوں کرائے جاتے ہیں؛
☆ انتخابی عمل سے باہر رہنے والے طبقات کی شمولیت کی افادیت؛
☆ انتخابی نتائج پر امن طور پر قبول کرنے کی ضرورت۔



# صوبائی الیکشن کمیشن، ریجنل الیکشن کمیشن اور ضلعی الیکشن کمیشن دفاتر میں انتخابات پر معلوماتی سیشن

## انتخابات پر معلوماتی سیشن کیا ہے؟

انتخابات پر معلوماتی سیشن بنیادی طور پر ملک بھر میں صوبائی الیکشن کمیشن، ریجنل الیکشن کمیشن اور ضلعی الیکشن کمیشن دفاتر میں منعقد کی جانے والی 1 سے 2 گھنٹے کی الیکشن پریزنٹیشن ہے۔ اس کا مقصد وسیع تر متعلقہ گروہوں کو انتخابات پر معلومات فراہم کرنا ہے جن تک موجودہ نیٹ ورک مثلاً ضلعی کمیٹی کے ارکان کے ذریعے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔



## کاروائی کی وضاحت

| کن لوگوں کو دعوت دی جائے؟ | کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے؟ | سیشن کے موضوعات |
|---|---|---|
| سیشن میں جن لوگوں کو مدعو کیا جاسکتا ہے ان میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں لیکن ضروری نہیں یہ انہی تک محدود ہوں:<br>☆ طلبہ<br>☆ پہلی بار ووٹ دینے والے افراد<br>☆ سیاسی جماعتیں<br>☆ امیدواران<br>☆ غیر سرکاری تنظیموں / کمیونٹی تنظیموں، دیہی تنظیموں کے ارکان، بشمول مرد، خواتین، معذور افراد، اقلیتیں وغیرہ<br>☆ میڈیا کے نمائندے اور پریس کلب<br>☆ مذہبی تنظیمیں<br>☆ بارایسوسی ایشنز | اس سرگرمی کے لئے درج ذیل اقدامات کرنا ضروری ہے:<br>☆ سیشن میں مدعو کرنے کے لئے متوقع افراد کی معلومات کی تیاری<br>☆ ضلعی الیکشن کمیشن کے دفتر میں موجود جگہ کا جائزہ اور یہ دیکھنا کہ اس میں کتنے افراد کی گنجائش ہے<br>☆ دعوت نامے تقریب سے کم از کم 3 روز قبل ارسال کرنا ضروری ہیں<br>☆ شرکاء میں تقسیم کرنے کے لئے شعور و آگاہی کا متعلقہ مواد ضرور تیار کرلیا جائے | سامعین کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے ضلعی الیکشن کمشنر مشقی انتخابات کرانے، اوپر بتائی گئی ایک روزہ تربیت میں سیشن منعقد کرنے، یا کسی خاص موضوع پر جلسہ اور اس کے بعد سوال و جواب کا سیشن منعقد کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔<br>کسی خاص موضوع پر جلسہ منعقد کرنے کی صورت میں گفتگو کے موضوعات میں درج ذیل باتیں شامل ہو سکتی ہیں:<br>☆ انتخابات کے انتظامات میں الیکشن کمیشن کا کردار<br>☆ آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات یقینی بنانے کے لئے الیکشن کمیشن کی جانب سے کئے گئے اقدامات<br>☆ الیکشن کمیشن کا ووٹرز میں شعور و آگاہی کا منصوبہ 2012-2013<br>☆ انتخابات کے مراحل، بالخصوص انتخابات کے اعلان سے قبل ووٹرز کے اندراج پر زور دینا<br>☆ مردوں اور خواتین کے لئے ووٹرز کی اہلیت کا مطلوبہ معیار<br>☆ ووٹرز کے حقوق اور ذمہ داریاں<br>☆ ووٹ کی اہمیت<br>☆ پولنگ اسٹیشن پر ووٹنگ کی کارروائی<br>☆ ووٹ کی رازداری<br>☆ ووٹ دینے کی درخواست (الیکشن کمیشن کی جانب سے ووٹرز کے نام) |

### ایجنڈا کا نمونہ

پریزنٹیشن کے لئے ایجنڈا کا نمونہ ذیل میں دیا گیا ہے:

| نمبر شمار | سرگرمی | دورانیہ (منٹ) |
|---|---|---|
| .1 | ابتدائی کلمات | 10 |
| .2 | پہلا سیشن: انتخابات کیوں کرائے جاتے ہیں؟ | 30 |
| .3 | دوسرا سیشن: ووٹر کی اہلیت | 30 |
| .4 | اختتامی کلمات | 10 |

## معلوماتی، شعور و آگاہی اور ابلاغی مواد کی تیاری اور تقسیم

### معلوماتی، شعور و آگاہی اور ابلاغی مواد کیا ہے؟

**معلوماتی، شعور و آگاہی اور ابلاغی مواد کیا ہے؟**

معلوماتی، شعور و آگاہی اور ابلاغی مواد میں ایسی لا تعداد چیزیں شامل ہیں جو معلوماتی، ترغیبی ہو سکتی ہیں اور/ یا مختلف مقاصد مثلاً ووٹرز میں شعور و آگاہی کی سرگرمیوں کو نمایاں کرنے میں مدد دے سکتی ہیں۔ ووٹرز کے ہر متعلقہ گروہ تک رسائی کے لئے مخصوص پیغامات تیار کرنا پڑیں گے۔ ضلعی الیکشن کمشنرز پہلے ضروریات کے جائزہ اور پھر اس کے مطابق مواد کی تشکیل، تیاری اور تقسیم کے لئے مختلف فریقین کو ساتھ ملا سکتے ہیں۔ شعور و آگاہی پیدا کرنے کے لئے متعدد اقسام کا مواد (انتخابی فہرستوں پر اکثر پوچھے جانے والے سوالات، بروشر، صوبائی الیکشن کمیشن/ ریجنل الیکشن کمیشن/ ضلعی الیکشن کمیشن دفاتر کی رابطہ تفصیلات، پوسٹر، سٹیکر، اے ٹی ایم پر لگانے کے لئے پیغامات وغیرہ) الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ پر موجود ہیں اور ضلعی الیکشن کمشنرز (DEC) اور دیگر متعلقہ فریقین انہیں وہاں سے حاصل کر کے چھپوا سکتے ہیں۔

## کاروائی کی وضاحت

| معلوماتی،شعوروآ گاہی وابلاغی موادکی اقسام | پیغامات کی تیاری | پیغامات کی تقسیم/نمائش |
|---|---|---|
| مواد میں درج ذیل چیزیں شامل ہو سکتی ہیں:<br>☆ متن سے بھرپور شعوروآ گاہی مواد مثلاً کتابچے، بروشراور پوسٹر؛<br>☆ ظاہری موجودگی والا جس پر معلوماتی اور ترغیبی پیغامات مختصراً دیئے گئے ہوں مثلاً ہورڈنگ، بینر، ویب سائٹ کے لئے بینر، سٹریمر، سٹینڈی، سٹیکروغیرہ؛<br>☆ دیئے والی اشیاء یا تقسیم ہونے والی اشیاجن پر ترغیبی پیغامات مختصراً دیئے گئے ہوں مثلاً کیپ، ٹی شرٹ، بٹن، بیج، لیپل پن، مگ، کی چین، بیگ، شناختی کارڈ کور، سٹیشنری آئٹم وغیرہ؛<br>☆ اخبارات، ٹی وی، ریڈیو، ٹیلی کام کمپنیوں اورانٹرنیٹ کے لئے میڈیا مہم بشمول مختصر پیغامات، ایس ایم ایس سروسز، اشتہارات، کمرشل، گیت، Jingle، ٹاک شوز، ڈرامے، آن لائن بلاگ، فیس بک، یوٹیوب(YouTube)، ٹوئٹر (Twitter)وغیرہ۔ | ☆ سب سے پہلے ضلعی الیکشن کمشنرز پارٹنرز کے ساتھ مل کر ضلع میں ترجیحاً یونین کونسل/ ٹاؤن کے لحاظ سے ووٹرز کے مختلف گروپوں کی معلومات تیارکریں۔<br>☆ ہر گروپ میں شعوروآ گاہی پیدا کرنے کی ضروریات کا تعین بھی کیا جائے۔ مثلاً کیا اہل ووٹرز کواس بارے میں معلومات کی ضرورت ہے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کس طرح بنوایا جا سکتا ہے اور حتمی انتخابی فہرست میں درج اپنی تفصیلات کی پڑتال/ اضافہ/ تبدیلی کس طرح کرائی جاسکتی ہے؟ کیا انہیں اس بارے میں معلومات کی ضرورت ہے کہ انتخابات والے دن پولنگ سٹیشن پر کون سی دستاویزات لانا ضروری ہے؟ کیا ضلع کے بعض علاقوں میں انتخابی عمل میں خواتین کی شمولیت کم رہی ہے؟ کیا لوگوں کو انتخابات والے دن پولنگ سٹیشن پر سکیورٹی اوردھاندلی سے متعلق خدشات لاحق ہیں؟<br>☆ پھر پارٹنرز کے ساتھ مل کر مختلف معلومات، مسودے، نعرے،تصویریں وغیرہ تیار کئے جائیں۔<br>☆ آبادی کے ایسے طبقات جو پڑھ نہیں سکتے، کے لئے موثر سمعی و بصری(Audio-Visual) پیغامات تیار کرانے کی بھرپورکوشش کی جائے۔<br>☆ برانڈنگ(Branding) کو یقینی بنانے کے لئے یکساں معیار پرمبنی لوگو اورتصویریں (مثلاً الیکشن کمیشن کا لوگو، اور بیلٹ باکس کی تصویر) تمام پارٹنرز کوفراہم کیا جائے تاکہ انہیں دیکھ کر ہر شخص فوراً پہچان لے کہ یہ الیکشن کمیشن کی طرف سے ہیں۔ | پیغامات کی تقسیم / نمائش ایسے مقامات پر کی جائے جہاں متعلقہ گروہ کا اکثر آنا جانا رہتا ہو۔ ان میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں لیکن ضروری نہیں یہ انہی تک محدودہوں:<br>☆ سکول / کالج / یونیورسٹیاں / مدارس / ووکیشنل اینڈ ٹریننگ سنٹرز اور دیگر تعلیمی ادارے (طلبہ جن میں وہ بھی شامل ہیں جوابھی ووٹ دینے کی عمرکونہیں پہنچے، میں مواد کی تقسیم سے الیکشن کمیشن کو ان طلبہ کے گھروں پر موجودان کی ماؤں، معذور افراد، بزرگوں اور ووٹرز کے ایسے دیگر گروپوں تک رسائی کا موقع مل سکتا ہے جو زیادہ تر گھروں سے نہیں نکلتے)؛<br>☆ خدمات فراہم کرنے والی صنعتوں بینکوں، ہوٹلوں، ریسٹورنٹ، ہسپتالوں، بنیادی مرکزِصحت وغیرہ کےارکان؛<br>☆ تفریحی مراکز مثلاً سینما، آرٹس کونسلز، کلب وغیرہ بس سٹاپ، ریلوے اسٹیشن اورایئرپورٹ بازار، اتواربازار، سبزی منڈیاں، شاپنگ مال وغیرہ؛<br>☆ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا بشمول اخبارات، رسائل، ٹی وی چینلز، ریڈیو اسٹیشن، انٹرنیٹ (بشمول نجی کارپوریشنز، سرکاری اداروں، غیر سرکاری تنظیمیں / انٹرنیشنل این جی اوز، کلب اور ایسوسی ایشنز کی ویب سائٹس) وغیرہ ۔ |

## ریکارڈ کی تیاری

درج ذیل چیزوں کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جائے:

- ☆ ووٹرز میں شعور و آگاہی کا وہ تمام مواد جو تیار کیا گیا ؛
- ☆ پیغامات کے متعلقہ سامعین ؛
- ☆ مواد کی تیاری اور نمائش / تقسیم کے پارٹنرز کے ناموں اور رابطہ کی تفصیلات ؛
- ☆ تقسیم کی گئی ہر چیز کی تعداد یا مقدار ؛
- ☆ تقسیم کرنے کی تاریخ ؛
- ☆ تقسیم کرنے کا مقام ؛
- ☆ کوئی دیگر متعلقہ تفصیلات ۔

## عوامی معلوماتی اعلانات (Public Service Announcements)

### عوامی معلوماتی اعلانات کیا ہیں؟

عوامی معلوماتی اعلانات مکمل طور پر تیار سمعی (Audio) یا سمعی و بصری (Audio-Visual) پیغامات ہوتے ہیں۔ ان میں معلوماتی اور ترغیبی دونوں طرح کے پیغامات ہوتے ہیں جو عام طور پر الیکٹرانک میڈیا اور دیگر ذرائع سے بلا معاوضہ جاری کئے جاتے ہیں۔ ان اعلانات کے مسودے مختلف متعلقہ فریقین کو بھی فراہم کئے جا سکتے ہیں تا کہ وہ مختلف مواقع پر انہیں پڑھ کر سنا سکیں۔ عوامی معلوماتی اعلانات تیار کرنا اس لئے خاص طور پر ضروری ہے کہ ان کے ذریعے ضلع کے اندر پہلے سے محرومی کا شکار ووٹرز کے گروپوں کی شمولیت پر زور دیا جاتا ہے۔ ضلعی الیکشن کمشنرز (DEC) ضلعی کمیٹی یا دیگر متعلقہ فریقین کی مدد سے یہ اعلانات تیار کر سکتے ہیں۔



## عوامی معلوماتی پیغامات نشر کرنے کا عمل

| عوامی معلوماتی اعلانات کب نشر کئے جائیں؟ | عوامی معلوماتی اعلانات کہاں نشر کئے جائیں؟ |
|---|---|
| انتخابی سرگرمیوں کے دوران اور ان کے بعد مخصوص عوامی معلوماتی اعلانات نشر کئے جاسکتے ہیں۔مثلاً :<br>☆ انتخابات کے اعلان سے قبل ان اعلانات میں حتمی انتخابی فہرستوں اوران طریقوں کے بارے میں معلومات فراہم کی جاسکتی ہیں جن کے ذریعے اہل ووٹرز اپنی تفصیلات کی پڑتال کرسکتے ہیں،ان میں اضافہ اور / یا تبدیلی کراسکتے ہیں۔<br>☆ انتخابات کے اعلان کے بعدلیکن انتخابات والے دن سے قبل ترغیبی پیغامات کے ذریعےلوگوں کی حوصلہ افزائی کی جاسکتی ہے کہ وہ ووٹ دینے کے لئے آئیں۔<br>☆ انتخابات کے بعد چند ہفتوں تک پیغامات کے ذریعےلوگوں کوتلقین کی جاسکتی ہے کہ وہ انتخابی نتائج کو پرامن طریقے سے قبول کریں قطع نظر اس کے کہ ان کی پسند کا امیدوار جیتا یانہیں۔ | تیار شدہ عوامی معلوماتی اعلانات اور/ یا ان کے مسودے درج ذیل طریقوں سے نشراوردوسروں کوفراہم کئے جاسکتے ہیں:<br>☆ ٹی وی چینلز؛<br>☆ سینما؛<br>☆ بسوں اور جہازوں میں موجودتفریحی انتظامات؛<br>☆ الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ اور نجی کارپوریشنوں ، سرکاری اداروں، غیرسرکاری تنظیمیں/ بین الاقوامی تنظیمیں / انٹرنیشنل این جی اوز ،کلبوں اور ایسوسی ایشنوں وغیرہ کی ویب سائٹس؛<br>☆ ایئرپورٹس، ہوٹلوں، بینکوں، ہسپتالوں اورکلینکس،سٹورز، بازاروں اور شاپنگ مالز، نجی کاروباری اداروں، وغیرہ میں موجودکمپیوٹرز/ٹی وی سکرینز/پبلک اناؤنسمنٹ سسٹم؛<br>☆ ریڈیواسٹیشنز؛<br>☆ مساجداوردیگرعبادت گاہیں؛<br>☆ سکولوں/ کالجوں/ یونیورسٹیوں/ مدارس/ ووکیشنل اینڈ ٹریننگ سنٹرز اوردیگرتعلیمی اداروں کی اسمبلیاں ۔ |

## ریکارڈ کی تیاری

درج ذیل چیزوں کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جائے:

☆ تمام عوامی معلوماتی اعلانات جو تیار کئے گئے ؛
☆ ہر عوامی معلوماتی پیغام کے متعلقہ سامعین ؛
☆ ان کے متعلقہ فریقین ناموں اور رابطہ کی تفصیلات جنہوں نے عوامی معلوماتی اعلانات تیار اور نشر کرانے میں مدد دی ؛
☆ تاریخ، جس پر کوئی بھی عوامی معلوماتی اعلان نشر کیا گیا ؛
☆ وہ ذریعہ اور اس کا مقام جس کے ذریعے کوئی بھی عوامی معلوماتی اعلان نشر کیا گیا ؛
☆ کوئی دیگر متعلقہ تفصیلات ؛

## میڈیا کی شمولیت

ووٹرز کی ایک بڑی تعداد تک رسائی کے لئے میڈیا موثر ترین ذرائع میں سے ایک ہے۔ میڈیا الیکشن کمیشن اور ووٹرز کے درمیان معلومات کے تبادلے کا بہترین ذریعہ ہے ضلعی الیکشن کمشنرز معتبر اور قابل انحصار رابطوں پر مشتمل میڈیا کا ایک ایسا گروپ تشکیل دے سکتے ہیں جس کے ذریعے تازہ ترین معلومات اور ووٹرز میں شعور و آگاہی کے پیغامات دوسروں تک پہنچائے جا سکتے ہیں۔

## کاروائی کی وضاحت

| شمولیت کا عمل | گروپ میں کن لوگوں کو شامل کیا جائے؟ |
|---|---|
| ضلعی الیکشن کمشنرز ذیل میں دیئے گئے مراحل کے ذریعے میڈیا کا گروپ تشکیل دے سکتے ہیں اور اس سے کام لے سکتے ہیں:<br>☆ ضلع میں موجود میڈیا کے تمام اداروں، فورمز اور صحافیوں کو معلومات فراہم کی جائیں۔<br>☆ دفتر ضلعی الیکشن کمشنر سے ایک ذمہ دار فرد کو میڈیا نمائندوں کے ساتھ روابط کی ذمہ داری سونپ دی جائے۔<br>☆ ضلع میں موجود میڈیا کے اداروں، فورمز اور صحافیوں کو ایک تعارفی خط ارسال کیا جائے جس میں ووٹرز میں شعور و آگاہی کے منصوبہ 2012-2013 کی مختصراً وضاحت کی جائے، انہیں میڈیا گروپ میں شمولیت کے لئے اپنا نمائندہ تعینات کرنے کی دعوت دی جائے اور گروپ کے ابتدائی اجلاس کی تاریخ طے کر دی جائے۔<br>☆ پہلے اجلاس میں گروپ کے کام کرنے کا طریقہ کار طے کیا جائے (اجلاس کتنے تواتر سے ہوں گے، ان میں کیا معلومات فراہم کی جائیں گی، وغیرہ)۔<br>☆ گروپ سے ووٹرز کے لئے عوامی معلوماتی اعلانات بلا معاوضہ یا رعایتی نرخوں پر تیار اور نشر کرنے کی درخواست کی جائے۔<br>☆ گروپ سے الیکشن کمیشن کے بارے میں کسی بھی خبر کی کلپنگ (Clipping)، فوٹیج (Footage)، آرٹیکلز وغیرہ فراہم کرنے کی درخواست کی جائے تاکہ کمیشن باخبر رہے، حسب ضرورت جوابی اقدام کر سکے اور اپنے پاس خبروں کا ریکارڈ مرتب کر سکے۔<br>☆ دفتر ضلعی الیکشن کمیشن کا ذمہ دار فرد کمیشن کے حوالے سے پریس میں آنے والی مثبت، غیر جانبدارانہ اور منفی خبروں کی تعداد اور تناسب کا ریکارڈ مرتب کرے۔ یہ ریکارڈ باقاعدہ بنیاد پر صوبائی الیکشن کمیشن / ریجنل الیکشن کمیشن / الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ کو فراہم کیا جائے تاکہ کمیشن کی کارکردگی بہتر بنانے اور بہتر مثبت امیج کی تعمیر کے لئے ضلعی، ریجنل، صوبائی اور قومی سطحوں پر موزوں اقدامات کئے جا سکیں۔ | میڈیا گروپ کے متعلقہ ارکان میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں لیکن ضروری نہیں یہ انہی تک محدود ہوں:<br>☆ ضلعی پریس کلب کے ارکان<br>☆ آزاد صحافی<br>☆ کمیونٹی میڈیا نیٹ ورکس کے علاوہ قومی و بین الاقوامی اخبارات، رسائل، ٹی وی چینلز، ریڈیو اسٹیشن، انٹرنیٹ پر مبنی خبریں ذرائع ابلاغ وغیرہ کے مقامی نمائندگان۔ ٹی وی اور ریڈیو ناخواندہ افراد کو معلومات کی فراہمی کے لئے یہ ذرائع خاص طور پر اہم ہیں ان ذرائع کی رسائی محروم طبقات تک ہے۔ |

# باب چہارم: رپورٹنگ

رپورٹنگ کے لئے نمونے کا فارم (Template) استعمال کرتے ہوئے ضلعی الیکشن کمشنرز/معاونت کار (Facilitator) اپنے علاقے میں کی گئی ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیوں کے بارے میں ریجنل الیکشن کمیشن/صوبائی الیکشن کمیشن/الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ کو ماہانہ کاروائی فراہم کرسکتے ہیں۔ یہ رپورٹنگ ملک بھر کے ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیوں پر نظر رکھنے، اشتراک کے مواقع کا جائزہ لینے، متعلقہ فریقین کو مختلف اقدامات کی کامیابیوں اور منصوبہ بندی و عملدر آمد میں پیش آنے والی رکاوٹوں سے آگاہ کرنے اور ووٹرز کی آگاہی کے لئے مزید حمایت حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے۔

## ووٹرز میں شعور و آگاہی پیدا کرنے کی سرگرمیوں کی ماہانہ رپورٹ

| 1) صوبہ | 2) ضلع | 3) DEC کا نام | 4) ووٹر ایجوکیشن کے مرکزی شخص کا نام | 5) ووٹر ایجوکیشن کے مرکزی شخص کا عہدہ | 6) ووٹر ایجوکیشن کے مرکزی شخص کی تفصیلات | | | 7) سرگرمی کی تاریخ | 8) ووٹر ایجوکیشن سرگرمی کی قسم (واک برائے شعور و بیداری، سیمینار، بحث ومباحثات غیرہ) | 9) ووٹر ایجوکیشن سرگرمی کا مقام | | | 10) ووٹر ایجوکیشن کا ٹارگٹ گروپ (خواتین، معذور، مذہبی اقلیت وغیرہ) | 11) شرکاء کی تعداد | | | 12) ووٹر ایجوکیشن سرگرمی کے لئے پارٹنرز | 13) ووٹر ایجوکیشن تقریب میں تقسیم کیا گیا مواد (کتابچے، اسٹیکرز، پوسٹر وغیرہ) | 14) کامیابیاں | 15) درپیش مسائل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | i) موبائل نمبر | ii) ای میل | iii) گھر کا پتہ | | | i) ضلع | ii) یونین کونسل | iii) پتہ | | i) مرد | ii) خواتین | iii) کل | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |

# نوٹس

# نوٹس

# نوٹس

# نوٹس

الیکشن کمیشن آف پاکستان

Election Commission of Pakistan Secretariat,
Election House, Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad, Pakistan
Ph: +92 (51) 920 1975, +92 (51) 920 6062; Fax: +92 (51) 920 5402, +92 (51) 920 5300

Website: www.ecp.gov.pk